© rasailojaraid.com



حیدر آباد (دکن) کے رفقاء کے بالخصوص اُن کے نام وقتاً فوقتاً آتے رہے۔

یہ خطوط جماعت کے ارتقاء، تاریخ کے مراحل، دعوت کے خدوخال اور مسائل و معاملات میں رہنمائی کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ مجموعہ میں محفوظ الرحمٰن نامی، چوہدری نیاز علی خاں، مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، میاں طفیل محمد، ابوالخیر مودودیؒ، محمد بہادر خاں اور قمرالدین خاں کے ۶۵ خطوط ہیں۔ اگرچہ ان پر حواشی یا تعلیقات نہیں لکھے گئے مگر پھر اُن کو سمجھنے میں کوئی خاص دقت نہیں ہوتی۔ بلاشبہ یہ خطوط ایک قیمتی مجموعہ ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ اور ہم سب لوگ اس کی تقلید میں ہندوستان کے تحریکی قلم کاروں اور محققین سے اِس بات کے آرزومند ہیں کہ وہ فکر و دانش اور رہنمائی و حکمت کے ایسے موتیوں کو احتیاط کے ساتھ چن کر پیش کرتے کا اہتمام کریں۔ خصوصاً داعی تحریک مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی ابتدائی زندگی، کام کے اثرات اور دعوت کے مختلف پہلوؤں پر تو بہت کام کی ضرورت ہے۔

---

**ماہنامہ الصدیق (بنگلور)** مدیر اعزازی محمد علی جعفری، مدیر ڈاکٹر سید جمال احمد امین آبادی، ناشر: الصدیق پبلیکیشنز، ۱۵ جامع کامپلکس سری نرسمہا روڈ۔ بنگلور ۲ (انڈیا)
قیمت فی پرچہ -/۴ روپے۔ سالانہ -/۴۰ روپیہ (بھارت میں)

سالِ اوّل کا پہلا شمارہ سامنے ہے۔ "لمعات" (اداریہ) اور قرآن و سنّت کی تعلیمات کے بعد چند اچھے مضامین شامل ہیں (۱) "علامہ اقبال کی نئی نسلوں سے توقعات"۔ ۲۔ "عالم رنگ و بو" (سائنسی باتیں) ۳۔ "اسلام کا نظامِ تعلیم"، ۴۔ "ٹکنولوجی"، ۵۔ "ٹیپو سلطان کا قول فیصل"۔ لکھنے والے ذہنی لحاظ سے قابلِ اعتماد ہیں۔ پہلا شمارہ مستقبل کی ترقی کے امکانات کی اُمید دلاتا ہے، مگر اس "لمعات" میں "خطرۂ ست بیاں" والی بات کچھ زیادہ ہی ہوتی ہے۔

---

**اسلام اور پاکستان** از جناب ڈاکٹر اسرار احمد۔ ناشر: مرکزی انجمن خدام القرآن۔ ۳۶ کے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور۔
قیمت: -/۵ روپے

یہ ڈاکٹر صاحب کی ان چند منتخب تحریروں کا مجموعہ ہے جو موصوف نے ۶۸-۱۹۶۷ء

© rasailojaraid.com